Mazhar/Shabbir

29-06-2025

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- وزیراعظم نریندر مودی آج دن میں گیارہ بجے آکاشوانی پر من کی بات پروگرام میں اپنے خیالات کا اظہارکریں گے۔

2- وزیراعظم نے بین الاقوامی خلائی اسٹیشن کے سفر پر گئے، بھارتی خلا باز شبھانشو شکلا سے بات چیت کی۔ جناب مودی نے انھیں 140 کروڑ بھارتیوں کی شان قرار دیا۔

3- نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ نے کہا ہے کہ کسی بھی آئین کی تمہید اس کی روح ہوتی ہے اور اِس میں کوئی تبدیلی نہیں کی جا سکتی۔

4- بھارت کے سماجی تحفظ کے کوریج میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ پچھلے دس سال کے دوران 94 کروڑ سے زیادہ افراد کا احاطہ کرتے ہوئے سماجی تحفظ کا کوریج 19 فیصد سے بڑھ کر 64 اعشاریہ تین فیصد ہوگیا ہے۔

5- مغربی بنگال میں کولکاتہ لاء کالج اجتماعی عصمت دری معاملے کے چوتھے ملزم کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ بڑھتے ہوئے عوامی غصے کے دوران معاملے کی تحقیقات کے لیے خصوصی تحقیقاتی ٹیم SIT تشکیل دی گئی ہے۔

6- اور خواتین کرکٹ میں : ناٹنگھم میں Trent Bridge میں پانچ ٹی 20 میچوں کی سیریز کے پہلے میچ میں بھارت نے انگلینڈ کو 97 رن سے شکست دی۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Mann Ki Baat

وزیر اعظم نریندر مودی آج دن میں گیارہ بجے آکاشوانی پر ''من کی بات'' پروگرام میں ملک اور بیرون ملک کے لوگوں کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا 123واں نشریہ ہوگا۔ یہ پروگرام آکاشوانی اور دور درشن کے تمام نیٹ ورک، AIR نیوز کی ویب سائٹ اور newsonair موبائل ایپ پر بھی نشر کیا جائے گا۔ اِسے AIR نیوز، ڈی ڈی نیوز، وزیر اعظم کے دفتر اور اطلاعات ونشریات کی وزارت کے یوٹیوب چینلوں پر بھی براہِ راست سنا جاسکے گا۔ ہندی نشریے کے فوراً بعد آکاشوانی اِس پروگرام کو علاقائی زبانوں میں نشر کرے گا۔x

PM Subanshu Shukla

وزیر اعظم نریندر مودی نے بین الاقوامی خلائی اسٹیشن کے سفر پر گئے بھارتی خلاباز شوبھانشو شکلا سے بات چیت کی ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ آپ بھارت سے بہت دور ہیں لیکن بھارتیوں کے دل کے بیحد قریب ہیں اور آپ کا سفر ایک نئے دور کا آغاز ہے۔

انہوں نے کہا کہ بھارت میں پریکرما کی صدیوں پرانی روایت رہی ہے اور آپ کو دھرتی ماں کی پریکرما کرنے کا نادر موقع ملا ہے۔ جناب مودی نے گروپ کیپٹن شکلا کو ان کے مشن کے لیے دلی مبارکباد دی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

S/B PM Wishes to Subhanshu Shukla

گروپ کیپٹن شبھانشو شکلا نے کہا کہ وہ بھارت کی نمائندگی کرتے ہوئے نہایت فخر محسوس کر رہے ہیں۔ وزیر اعظم مودی کے ساتھ اپنے تجربات کا اشتراک کرتے ہوئے گروپ کیپٹن شکلا نے کہا کہ جب وہ بچّے تھے تب انہوں نے کبھی نہیں سوچا تھا کہ وہ خلاباز بن سکتے ہیں۔ کیپٹن شکلا نے کہا کہ وزیر اعظم کی قیادت میں آج کا بھارت لوگوں کو اپنے خوابوں اور امنگوں کو پورا کرنے کے بے شمار مواقع فراہم کرتا ہے۔

S/B Subhanshu Shukla

وزیر اعظم مودی نے پوچھا کہ جو خلائی تجربات کیے جارہے ہیں، کیا اس سے مستقبل میں زراعت یا صحت کے شعبے کو فائدہ پہنچے گا، اِس کے جواب میں جناب شوبھانشو شکلا نے بتایا کہ پہلی بار بھارتی سائنسدانوں نے سات انوکھے تجربات کیے ہیں جنہیں وہ خلائی اسٹیشن پر لے گئے ہیں۔ انہوں نے اُجاگر کیا کہ خلا میں تجربات کرنے کا ایک بڑا فائدہ حیاتیاتی عمل کی تیز رفتاری ہے، جس سے محققین کو زمین کی نسبت بہت تیزی سے نتائج حاصل کرنے میں مدد ملتی ہے۔x

VP Preamble

نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ نے کہا ہے کہ کسی بھی آئین کی تمہید اس کی روح ہوتی ہے اور اِس میں کوئی تبدیلی نہیں کی جا سکتی۔ انہوں نے کہا کہ سوائے بھارت کے، کسی اور ملک کے آئین کی تمہید میں تبدیلی نہیں ہوئی ہے۔

نئی دلی میں ایک کتاب کے اجراء کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جناب دھنکھڑ نے کہا کہ تمہید وہ بنیاد ہے جس پر آئین پروان چڑھتا ہے، لیکن بدقسمتی سے، ایک ایسے وقت میں آئین کی تمہید میں تبدیلی کی گئی جب ایمرجنسی کے دوران لوگ غلام بنا لئے گئے تھے۔ جناب دھنکھڑ نے کہا کہ ایمرجنسی کے دوران آئین کی تمہید میں سوشلسٹ، سیکولر اور سالمیت کے الفاظ کا اضافہ کیا گیا جو کہ آئین کے معماروں کی سوچ کو دھوکہ دینے کے مترادف ہے۔

انہوں نے کہا کہ یہ اس ملک کی ہزاروں سال کی تہذیبی سرمایے اورعلم کو پست کرنے کے سوا کچھ نہیں ہے۔

S/B Vice President

امبیڈکر کے پیغامات کی عصری مطابقت پر روشنی ڈالتے ہوئے جناب دھنکھڑ نے کہا کہ ڈاکٹر بی آر امبیڈکر لوگوں کے دلوں میں بستے ہیں اور اِن کے پیغامات ہم وطنوں کے لیے آج بھی معنویت رکھتے ہیں۔x

Telangana Amit Shah

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج تلنگانہ کے نظام آباد میں National Turmeric Board کا افتتاح کریں گے۔ وہ بورڈ کے سرکاری لوگو کا بھی اجراء کریں گے، جو کسانوں کے اختراع اور عالمی مسابقت کے نئے دور کی علامت ہے۔ جناب شاہ D Srinivas کے مجسمے کی بھی نقاب کشائی کریں گے، جو خطے کے ایک مقبول رہنما تھے، جنہوں نے دہائیوں تک مختلف شعبوں میں لوگوں کی خدمت کی۔ مرکزی وزیرنظام آباد میں کسانوں کی ایک ریلی سے بھی خطاب کریں گے۔

جناب شاہ آج دوپہر حیدرآباد پہنچیں گے اور پھر نظام آباد جائیں گے۔ وہ ریاست کے اپنے دورے کے دوران حیدرآباد میں تلنگانہ بی جے پی کے رہنماؤں سے بھی ملاقات کریں گے۔

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

ILO India Social Security

بھارت نے سماجی تحفظ کے عمل میں ایک قابل ذکر سنگِ میل حاصل کیا ہے۔ ملک میں 2015 میں سماجی تحفظ کا کوریج 19 فیصد تھا جو 2025 میں بڑھ کو 64 اعشاریہ تین فیصد ہوگیا ہے۔ اِس طرح 94 کروڑ سے زیادہ لوگوں کو کم ازکم سماجی تحفظ کے ایک فائدے کے تحت لایا گیا ہے۔ ایک دہائی کے دوران اس غیر معمولی اضافے کا اعتراف محنت کی عالمی تنظیم ILO نے اپنے ILOSTAT ڈیٹا بیس پر کیا ہے۔ سماجی تحفظ، جیسا کہ محنت کی عالمی تنظیم کے ذریعے بیان کیا گیا ہے، بڑھاپے، بیماری، بے روزگاری، معذوری، زچگی، کام کے دوران چوٹ لگنے یا کمانے والے فرد کی موت کی صورت میں صحت کی دیکھ بھال اور یقینی آمدنی تک رسائی کو یقینی بناتا ہے۔ بھارت کے سماجی تحفظ کے جامع نظام میں سماجی بیمہ، فلاحی ادائیگیاں نیز خوراک اور رہائش کی یقینی فراہمی جیسے فوائد شامل ہیں۔x

Kolkata Gange Rape

مغربی بنگال میں کولکاتہ لاء کالج اجتماعی عصمت دری معاملے کے چوتھے ملزم کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ لاء کالج کے سیکیورٹی گارڈ کو کل گرفتار کیا گیا۔ کالج کے گارڈ کے کمرے کے اندر ہونے والے اس گھناؤنے جرم میں اب گرفتاریوں کی مجموعی تعداد چار ہو گئی ہے۔ جنوبی کلکتہ لاء کالج کی 24 سالہ متاثرہ طالبہ کو 25 جون کو گارڈ کے کمرے میں دو سینئر طلباء اور ادارے کے ایک سابق طالب علم نے مبینہ طور پر زیادتی کا نشانہ بنایا تھا۔ متاثرہ طالبہ کی شکایت پر پولیس نے اہم ملزم منوجیت مشرا، پرومیت مکھرجی اور زید احمد کو گرفتار کرلیا۔اِس معاملے پر بڑھتے ہوئے عوامی غصے کے دوران کولکاتہ پولیس نے کیس کی تحقیقات کے لیے اسسٹنٹ کمشنر عہدے کے ایک افسر کی قیادت میں، پانچ رکنی خصوصی تحقیقاتی ٹیم SIT تشکیل دی ہے۔x

MEA Pak Statement

بھارت نے پاکستانی فوج کے اُس سرکاری بیان کو مسترد کردیاہے جس میں اس نے کل Waziristan پر ہوئے حملے کیلئے بھارت پر الزام لگایاتھا۔نئی دلی نے ایک بیان جاری کرکے پاکستان کے اِس بیان کو اسی حقارت سے مسترد کیاہے جس کا وہ مستحق تھا۔

Pak Earthquake

پاکستان میں آج صبح کے وقت پانچ اعشاریہ دو شدت کا زلزلہ آیا۔ بھارت کے زلزلے سے متعلق قومی مرکزNCS کے مطابق یہ زلزلہ 150 میٹر کی گہرائی میں تھا، جس کا مرکز ملتان شہر کے مغرب میں 149 کلومیٹر میں واقع تھا۔ حکام حالات کی نگرانی کررہے ہیں، حالانکہ اب تک زلزلہ کے بعد سے کسی طرح کی کوئی خبر نہیں ملی ہے۔

IMD Weather

بھارتی محکمہ موسمیات نے کل اتراکھنڈ اور اترپردیش کے دور دراز والے علاقوں میں انتہائی شدید بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمے نے آج بہار، مغربی بنگال، گنگا کی ترائی والے علاقے، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلی، ہماچل پردیش، جھارکھنڈ، کونکن، گوا، مدھیہ مہاراشٹر، اڈیشہ، پنجاب، سوراشٹر، کچھ، اترپردیش اور اتراکھنڈ کے دور دراز علاقوں میں شدید سے بہت شدید بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔موسمیاتی محکمے نے آئندہ 6دن کے دوران کونکن، گوا، مدھیہ مہاراشٹر کے ساحلی علاقوں اور گجرات میں اسی طرح کی صورتحال رہنے کی بھی پیشگوئی کی ہے۔محکمے نے آئندہ 6 دن کے دوران ملک کے مغربی، شمال-مغربی اور شمال مشرقی حصوں میں بیشتر علاقوں میں ہلکی سے اوسط بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔

Delhi Artificial Rain

فضائی آلودگی پر قابو پانے کی سمت میں ایک اہم قدم کے طورپردلی میں پہلی بارمصنوعی بارش دیکھی جائے گی۔اس اقدام کے تحت4سے11جولائی کے درمیانCloud Seeding آپریشن کیا جائے گا۔ یہ اقدام وزیرِاعلیٰ ریکھا گپتا کی قیادت کے تحت محکمہ ماحولیات کی سربراہی میں کیاجارہا ہے، جس کا اعلان دلی کے وزیرماحولیات Manjinder Singh Sirsa نے کیاتھا۔جناب Sirsa نے کہا کہ IIT کانپورکی جانب سےCloud Seeding Operation تکنیکی مدد کیلئے Flight Plan پونے میں بھارتی محکمہ موسمیات کو سونپا جاچکا ہے۔

انہوں نے کہا کہ حالیہ موسمی حالات 3جولائی تک Cloud Seeding کیلئے موزوں نہیں ہیں لیکن 4جولائی سے 11جولائی کے درمیان ایک عارضی پرواز کی تجویز رکھی گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ اس سلسلے میں شہری ہوابازی کے Directorate General (DGCA) کو ایک متبادل پرواز کی تجویز پہلے ہی بھیجی جاچکی ہے کہ کیا اس سلسلے میں ابتدائی اقدام کو خراب موسم کی وجہ سے موخر کیاجاناچاہئے۔جناب Sirsa نے شہروں میں آلودگی پر قابوپانے میں اس پہل کو ایک تاریخی قدم بتاتے ہوئے کہا کہ صاف ستھری ہوا میں سانس لینا ہرشہری کا سب سے بنیادی حق ہے اور حکومت اس سلسلے میں ہرممکن حل تلاش کررہی ہے اور مصنوعی بارش کرانا ایک بے حد اہم قدم ہے۔

## Cloud Burst UTT Arakhand

اتراکھنڈ کے اُتر کاشی ضلع میں، Barkot تحصیل میں Silai Band کے نزدیک بادل پھٹنے سے ایک زیرِتعمیر عمارت سے 9 کارکنان لاپتہ ہوگئے ہیں۔ SDRF ، پولیس اور محصولات محکموں کی ٹیمیں راحت اور بچاؤ کی کارروائیاں انجام دے رہی ہیں۔
ہمارے نامہ نگار نے اطلاع دی ہے کہ ریاست کے مختلف حصوں میں گذشتہ رات سے مسلسل بارش ہونے کی وجہ سے معمولاتِ زندگی میں رخنہ پڑا ہے۔

## Himachal Weather

ہماچل پردیش میں پچھلے کچھ دنوں سے شدید مانسون بارش ہورہی ہے۔ حالیہ دنوں میں بارش سے متعلق واقعات میں اب تک 17 لوگوں کی موت ہوچکی ہے اور کروڑوں روپے کے املاک کو نقصان پہنچا ہے۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

VC- Ritesh Kapoor

**ہماچل پردیش میں دارالحکومت شملہ سمیت زیادہ تر حصوں میں مسلسل شدید بارش ہورہی ہے۔سبھی بڑی ندیوں میں پانی کی سطح بڑھ رہی ہے۔ بارش، بادل پھٹنے اور سیلاب سے متعلق حادثات میں اب تک 17 لوگوں کی جان جاچکی ہے۔ اس کے علاوہ 300 کروڑ روپے سے زیادہ کی جائداد کو نقصان پہنچا ہے۔ ساتھ ہی تودے گرنے کی وجہ سے 37 سڑکیں بند ہیں۔محکمہ موسمیات نے ریاست میں اگلے دو دنوں کے دوران تیز سے تیز بارش کیلئے Orange الرٹ جاری کیاہے۔**
**شملہ سے Ritesh Kapoor کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں محمدعمار**

## Cricket

خواتین کرکٹ میں Nottingham کے Trent Bridge میں جاری پانچ میچوں کی سیریز کے پہلے ٹی ٹوئنٹی میں بھارت نے انگلینڈ کو 97 رنز سے ہرادیا۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے بھارت نے مقررہ 20 اوورز میں پانچ وکٹ پر 210 رن بنائے۔ بھارتی کرکٹ ٹیم کیلئے Smriti Mandhava نے 62 گیندوں میں 112 رنز بنائے۔ ٹی ٹوئنٹی بین الاقوامی میچوں میں یہ ان کی پہلی سنچری ہے۔
دوسری طرف انگلینڈ کی پوری ٹیم 14 اوورز اور پانچ گیندوں میں 113رنزبناکر آؤٹ ہوگئی۔

## یہ تھی خبریں

## PRESS COMMENTS

### اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... نیتیکا تیاگی

### شکریہ - آسیہ

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے وزیراعظم نریندرمودی کے خلائی اسٹیشن پر موجود بھارتی خلاباز شبھانشو شکلا سے گفتگو کئے جانے سے متعلق خبر کو صفحہ اول پر اہمیت کے ساتھ جگہ دی ہے۔
روزنامہ پرتاپ کی اس حوالے سے سرخی ہے:'خلا میں آپ کا سفر نئے دور کا آغاز! وزیراعظم کی شبھانشو سے بات'۔ وہیں روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے سرخی لگائی ہے: وزیراعظم نے شبھانشو شکلا سے کی بات،کہا: ہندوستان کے خیالات، فلسفیانہ سوچ اور عالمی

نظریہ ہزاروں سالوں سے لازوال ہیں۔

تقریباً تمام اخبارات نے بہار میں رائے دہندگان کی تصدیق کیلئے خصوصی نظرثانی کا کام شروع ہونے سے منسلک خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیاہے۔روزنامہ انقلاب کی سرخی ہے: الیکشن کمیشن نے بہار میں ووٹرلسٹ کی خصوصی جانچ شروع کی۔

اخبارات نے بھارت-مدغاسکر کے درمیان دوطرفہ دفاعی تعاون کو بڑھانے کے طریقوں پر تبادلہ خیال ہونے سے متعلق خبر کو اولیت کے ساتھ شائع کیاہے۔

اخبارات میں شائع ہونے والی اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

☆ امریکہ کے ساتھ ایران نیوکلیائی مذاکرات کے لئے تیار۔

☆ اسرائیلی حملوں میں مارے گئے کمانڈروں اور سائنسدانوں کی تدفین۔

☆ پاکستان میں فوجی قافلے پر خودکش حملہ،16 اہلکار ہلاک۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیراعظم نریندر مودی آج دن میں گیارہ بجے آکاشوانی پرمن کی بات پروگرام میں اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔

2- وزیراعظم نے بین الاقوامی خلائی اسٹیشن کے سفر پر گئے، بھارتی خلا باز شبھانشو شکلا سے بات چیت کی۔ جناب مودی نے انھیں 140 کروڑ بھارتیوں کی شان قرار دیا۔

3- نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ نے کہا ہے کہ کسی بھی آئین کی تمہید اس کی روح ہوتی ہے اور اِس میں کوئی تبدیلی نہیں کی جا سکتی۔

4- بھارت کے سماجی تحفظ کے کوریج میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ پچھلے دس سال کے دوران 94 کروڑ سے زیادہ افراد کا احاطہ کرتے ہوئے سماجی تحفظ کا کوریج 19 فیصد سے بڑھ کر 64 اعشاریہ تین فیصد ہوگیا ہے۔

5- مغربی بنگال میں کولکاتہ لاء کالج اجتماعی عصمت دری معاملے کے چوتھے ملزم کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ بڑھتے ہوئے عوامی غصے کے دوران معاملے کی تحقیقات کے لیے خصوصی تحقیقاتی ٹیم SIT تشکیل دی گئی ہے۔

6- اور خواتین کرکٹ میں : نوٹنگھم میں Trent Bridge میں پانچ ٹی 20 میچوں کی سیریز کے پہلے میچ میں بھارت نے انگلینڈ کو 97 رن سے شکست دی۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---